DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i2.3115

امن کا اسلامی تصوّر اور پاکستان میں اس کی تطبیق: تحدیات و امکانات

طاہرہ افراق ۞

Islamic Concept of Peace and its application in Pakistan: Challenges and Prospects

Tahira Ifraq ۞

ABSTRACT: Islam places a strong emphasis on the concept of peace and has provided a comprehensive code of conduct for achieving it. Peace is seen as a catalyst for positive change within societies. While cultural and civilization differences can influence behavior, attitudes, and ways of thinking, these differences should not be considered as decisive as they are often perceived. Human beings should strive to understand each other. The Quran encourages harmony and dialogue between different traditions and cultures, offering a space for cooperation and conversation. Bridging the gaps between traditions and cultures can create an atmosphere of concord and facilitate the resolution of conflicts and disputes.

In Pakistan, extremism and hatred have assumed alarming proportions. The roots of growing extremism in Pakistan cannot be attributed to a single element; rather, a multitude of internal and external factors have played a role in it. The internal political, educational, and economic situation, along with the lack of law enforcement, contributes to the worsening issues in Pakistan. At the international level, Pakistan's involvement in wars, resentment from the West, clashes of cultures, and other issues have further deteriorated the country's economic and political conditions. The impact of all these situations on the general public leads to the development of extremist ideologies. The concept of peace emerges as a guiding light for humanity. The initial section of this article delves into the profound teachings of Islam, unraveling the intricate layers of peace as elucidated by the divine sources. The second part confronts the challenges woven into the fabric of Pakistani society when attempting to manifest the ideals of peace. It navigates through the complexities, shedding light on the hurdles that obstruct the realization of peace in the local context. The concluding part of the article presents potential solutions and prospects, painting a tapestry of possibilities for cultivating peace within the unique sociopolitical landscape of

۞ لیکچرر شعبہ شریعہ، علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد۔

۞ Lecturer Shariah (Islamic Law & Jurisprudence), Allama Iqbal Open University, Islamabad, (tahira.ifraq@aiou.edu.pk)

Pakistan. This final section invites reflection on the transformative power of Islamic principles in overcoming the obstacles towards a harmonious and tranquil society.
This article weaves together the spiritual richness of Islamic teachings, the current challenges faced in Pakistan, and the optimistic pathways forward, creating a harmonious balance that resonates with the quest for enduring peace.
Key Words: Peace, Islam, Pakistan, Extremism, Terrorism, Radicalism, Dialogue, Conflict resolution, Peace-building, Education

Summary of the Article

The concept of peace in human history is as ancient as that of war, and efforts to bring an end to wars have persistently continued. Conditions of insecurity and conflict cannot be accepted as a permanent foundation in any human society. Only in unavoidable circumstances, peace is abandoned, and the path of war or conflict is reluctantly adopted. In the West, there is an influence regarding Islam that suggests Islam has spread through the force of the sword, although this is not a factual reality; it is merely a misconception. Islam has always been a religion of love, peace, and brotherhood from its inception.

In this era of violence and extremism, the importance of highlighting Islamic principles and roles has increased. This is why Muslim scholars and intellectuals have endeavored to reintroduce the fundamental characteristics of Islam to the world. For a considerable period, Muslim thinkers did not feel the need to present Islam and the Islamic system in this manner.

The concept of objectives in Islamic law is very comprehensive. The understanding of objectives in the light of Islamic law involves considering the greater interests of humanity after observing the specific conditions and events of a society. The natural impact on the laws and their implementation of both internal and external politics is inevitable.

One significant reason for associating violence with Islam is that the martial aspects of Islam have been consistently highlighted, while the theories of peace have not been given equal attention. Islam emphasizes balance, and this equilibrium should be evident in all aspects of life. Islam is a religion of peace, tranquility, and security. The concept of peace is intricately integrated into its teachings, offering a comprehensive framework for positive societal transformation.

In Pakistan, extremism and hatred have assumed alarming proportions. Various issues continue to emerge concerning Pakistan's religious and political identity. The rise of individuals with extremist religious ideologies is primarily attributed to an incomplete understanding of religion and the specific rhetoric of religious leaders. Events and particularly acts of violence fueled by using religion as a basis are moments of intellectual concern. It is imperative to curb such deplorable and condemnable events. The escalating extremism and hatred are not solely connected to religion; rather, they involve numerous factors such as the lack of law enforcement, the absence of justice, distrust in institutions, and

more. Social media platforms and websites are being increasingly utilized to promote extremism and hatred.

The roots of growing extremism in Pakistan cannot be attributed to a single element; rather, a multitude of internal and external factors have played a role in it. The internal political, educational, and economic situations, along with the lack of law enforcement, contribute to the worsening issues in Pakistan. At the international level, Pakistan's involvement in wars, resentment from the West, clashes of cultures, and other issues have further deteriorated the country's economic and political conditions. The impact of all these situations on the general public leads to the development of extremist ideologies.

During the era of neo-imperialism, not only were Muslim states devastated, but Muslim societies, Islamic culture, and institutions also suffered irreparable losses. Institutions reflecting Islamic culture were either completely eradicated or transformed. Ordinary Muslims found themselves detached from their heritage. Social fragmentation, uncertainty, and a lack of trust began to rise within Muslim societies, leading to the emergence of tendencies such as extremism, fundamentalism, sectarianism, and religious fanaticism.

To appease the neo-imperialist forces, some groups resorted to religion, sectarianism, and racial discrimination, while others adopted secular ideologies. In the struggle for power, common Muslims became disconnected from their roots.

Allama Iqbal emphasized the need for a new formation of Muslim society. According to him, this new formation should align with the Quran and Sunnah model. After gaining independence from neo-imperialist powers, Muslims have become part of modern democratic societies. However, they still maintain a connection with their religion. Understanding this reality is crucial for the new formation of Muslim societies.

To bring Pakistani society on the right track, Islamic traditions should be the foundation. The founder of Pakistan envisioned establishing a new Islamic society. The dream of the founder remains incomplete. In the light of the Seerah-al-Nabi (PBUH), Pakistan needs to build a new Islamic society that can serve as a model for other Muslim nations.

Muslim scholars and jurists, while explaining texts, should not only delve into the depth, complexity, intricacy, and rationality of the texts but also make clear the nuances in their interpretations. This is essential to facilitate a comprehensive understanding of the differences in interpretations. Similarly, the virtues of Islamic culture and civilization should be presented before people, portraying an image of a peaceful and beautiful Islamic society that embraces new ideas and concepts with open-mindedness.

In reality, presenting an image of a peaceful Islamic society is crucial because the Islamic world did not face such issues before, where their beliefs, social norms, and behaviors were associated with violence and extremism. Therefore, it is necessary to display the peaceful face of Islamic society to the world. This is especially important in a world where their beliefs, social norms, and behaviors were not previously associated with violence and extremism.

Muslim scholars and thinkers have recognized the adaptability of human societies and accepted the reality that human life undergoes changes with evolving circumstances. This understanding has led to ongoing discussions regarding the reconstruction and formation of new human societies. Islamic principles, providing guidance on contemporary issues, follow the philosophy that the solution to emerging challenges for Muslims and Muslim societies should be presented considering the current realities.

Islamic jurisprudence should engage with contemporary realities in a way that bridges the gap between traditional fiqh (jurisprudence) and the needs of modern Muslim societies. Therefore, the reconstruction of Pakistani society is imperative, and for this, building on Islamic traditions and values while adapting them to the necessities of modern Muslim societies is necessary. The process of reshaping society requires taking steps toward a new formation while considering the traditional practices and symbols.

In essence, it involves embarking on a journey from the past through the present towards the future in a manner that uses Islamic traditions and principles as a foundation. The goal is to address emerging issues in the light of current circumstances, search for solutions in the radiance of new situations, and then formulate a code of conduct for the future.

To establish peace in Pakistani society, attention needs to be focused on the following matters:

۱. Promotion of Religious Harmony and Tolerance: Islam not only emphasizes religious tolerance and harmony but also acknowledges and accepts diversity. Diversity, in the form of differences, is a natural phenomenon, and it plays a crucial role in the progress and elevation of religions. The existence of multiple religions and traditions enhances the significance of religion for human societies.

To curb the growing sectarianism in Pakistani society, there is a dire need to promote religious harmony and tolerance. In pursuit of this objective, training programs should be organized for scholars and other responsible individuals. Mosques and religious schools should be brought under government supervision. Additionally, the role of educators in schools, colleges, and universities is vital in this regard.

۲. Promotion of Interfaith Harmony and Dialogue: Pakistan is predominantly Muslim, but the presence of non-Muslim minorities cannot be denied. Minorities that are part of the Pakistani state enjoy the protection of all rights under the Constitution of Pakistan. They have social and societal acceptance and are entitled to respect and dignity. Initiatives to understand each other through dialogue are essential to finding positive solutions to many issues. Meaningful conversations among people of different religions and cultures can lead to better understanding.

It is necessary to ensure that dialogue serves the purpose of understanding rather than convincing or converting others. Even if agreement is not immediately reached on someone's beliefs or ideologies, the process of dialogue can lead to mutual understanding. The promotion of interfaith harmony in Pakistan will play a crucial role in reducing hatred and divisions. Islamic

teachings also emphasize dialogue and discussions with people of other religions.

٣. Women's Inclusion in Pakistani society: There are significant challenges related to gender, leading to numerous issues. A particular perspective undermining women's participation discourages progress in their national, social, and economic lives. Pakistan has its unique cultural background, where cultural and traditional perspectives of religions other than Islam have deeply influenced society. Despite being a Muslim-majority country, substantial efforts are still required to overcome the hurdles of these influences.

While laws have been enacted to provide women with certain rights, practical efforts are crucial for the effective implementation of these rights. In this context, the role of women is of utmost importance. They should strive to be aware of their rights and, recognizing the significance of their existence, play a positive role in national life.

٤. Effective Implementation of Law and Provision of Justice: The enforcement and efficacy of law are fundamental to the progress and peace of any society. Weaknesses in the legal system and the failure of institutions responsible for implementing the law undermine the strength of the state. In Pakistan, the enforcement of the law is notably weak, depriving people of access to justice. The frailty of the judicial and justice system gives rise to negative outcomes, leading individuals to take the law into their own hands, deteriorating the overall security situation. Ensuring the protection of the law and its progression is essential for establishing and maintaining peace. Achieving this goal also necessitates a focus on education and training.

١- امن کا تعارف

انسانی تاریخ میں امن کا تصوّر اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ جنگ کا؛ اسی وجہ سے جنگوں کے خاتمے کی کوششیں کی جاتی رہی ہیں۔ بد امنی اور جنگی صورت حال کسی بھی انسانی معاشرے میں مستقل بنیادوں پر تسلیم نہیں کی جا سکتی؛ صرف ناگزیر حالات ہی میں امن کا راستہ چھوڑ کر جنگ یا لڑائی جھگڑے کا راستہ اپنایا جاتا ہے۔

١.١- امن کا مفہوم

امن کی اصطلاح کے مفہوم کو واضح کرنا آسان نہیں۔ امن عام طور پر ایسی صورت حال کا نام ہے جب کوئی بد امنی نہ ہو۔ چناں چہ امن کا تعلق ان تمام مثالی اور تخیلاتی احوال سے ہے جس میں انصاف، آزادی، خوشی محبت اور ہم آہنگی ہو۔ امن ایک ایسا طریقۂ کار ہے جس کے ذریعے تنازعات کو حل کر کے معاشرے کو مثبت تبدیلی

دی جاتی ہے۔(۱) اس طرح امن مثبت اور منفی دونوں مفاہیم اپنے اندر لیے ہوئے ہے۔ منفی مفہوم یہ ہے کہ بد امنی اور لڑائی کا عدم وجود ہو مگر یہ ضروری نہیں کہ چھپی ہوئی نفرت اور تنازع کا وجود نہ ہو؛ جب کہ مثبت مفہوم یہ ہے کہ من چاہا امن، انصاف اور ایک دوسرے کی عزت و احترام پر مبنی صورت حال موجود ہو، امن کا مقام و مرتبہ کسی ایک ثقافت کے ساتھ نہیں جڑا ہوا بلکہ تمام تہذیبیں اور ثقافتیں اس کی خواہش مند ہیں۔(۲) روحانی، مذہبی، نفسیاتی، اور تہذیبی تناظر میں امن قائم ہو جانے کا مطلب لازمی طور پر خوشیوں کا حصول نہیں، کیوں کہ اس خوبی کا تعلق انفرادی حالت سے ہے، جب کہ امن اجتماعی خوبی ہے، معاشرتی امن اجتماعی صورت حال کی منظر کشی کرتا ہے۔ جب کسی معاشرے میں اقتصادی ترقی، سماجی ہم آہنگی اور سیاسی انصاف پایا جائے تو اس کا مطلب ہے کہ وہاں امن موجود ہے۔ ان خوبیوں کا نہ ہونا امن کے مفقود ہونے کی علامت ہے۔ امن کی صورت حال کو جنگ، دہشت گردی اور تشدد جیسے حالات خراب کرتے ہیں۔(۳)

امن سازی عصر حاضر میں فروغ پانے والا تصوّر ہے جو کہ تشدد، نزاع اور اس کے نتیجے میں ہونے والے مسائل سے اجتماعی طور پر نمٹنے کا نام ہے۔ پر تشدد کارروائیوں اور تنازعات کو سمجھنا آسان کام نہیں؛ کیوں کہ تشدد اور تنازعات کے پیچھے کافی پیچیدہ اور متنوع محرکات ہوتے ہیں۔ تنازعات پر بھی قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہونے والی تبدیلیاں اثر انداز ہوتی ہیں۔ چناں چہ امن سازی کے تصوّر کو واضح کرنا مشکل ہے، کیوں کہ امن سازی کے دوران میں مقامی حقائق اور بین الاقوامی رد عمل کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورت حال سامنے رکھ کر تنازعات کا حل نکالا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قیام امن کے لیے درکار لائحۂ عمل کو سمجھنا اور سمجھانا آسان نہیں۔(۴)

---

1. Charles Webel and Johan Galtung, *Handbook of Peace and Conflict Studies* (London; New York: Routledge, 2007), 05-20; Ibrahim Kalin, "Islam and Peace: A Survey of the Sources of Peace in the Islamic Tradition, *Islamic Studies*," 44: 3 (2005), 327-362; M.R Anjum, Bilal Ahmad Wani, "Concept of Peace in Islam: A Study of Contributions of Moulana Wahid Uddin Khan: Peaceful Co-existence," *International Journal of Scientific and Research Publications*, 7: 6 (2017), 383-400.

2– Ibid.

3– Necla Tschirgi, "Peace building through Global Peace and Justice," *Development*, 48 (2005), 50–56.

4- Ibid.

۲.۱– قرآن وحدیث کی روشنی میں امن کا تصوّر

اسلام میں امن کا تصوّر بہت وسیع ہے۔ امن کا مطلب صرف جنگ کا نہ ہونا نہیں ہے، بلکہ حقیقی امن ظلم وزیادتی، ناانصافی، بد دیانتی وغیرہ جیسے منفی رویوں کی ضد ہے۔ قرآن کی تعلیمات بہترین معاشی، معاشرتی، سیاسی، سماجی اور اقتصادی اقدار کو فروغ دیتی ہیں۔ انھی بہترین اقدار میں امن بھی شامل ہے، بلکہ اسلام کا تو مطلب ہی سلامتی، امن اور آشتی ہے۔ عمومی طور پر مسلمان جب ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو السلام علیکم کہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ پر سلامتی ہو اور جواب میں وعلیکم السلام کہا جاتا ہے جس کا مطلب بھی امن کا قیام ہی ہے۔[۵]

در حقیقت اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا ہی جنت الفردوس کے لیے کیا تھا جو کہ امن وسکون کا محل ہے، لیکن انسان نے اپنی خطاؤں کے سبب خود ہی اس سے نکل جانے کو قبول کیا۔ قرآن کی تعلیمات انسان کو اسی اصلی منزل کے حصول کا راستہ بتاتی ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا﴾[۶] (اللہ وہی ہے جس نے مؤمنین کے دلوں میں سکون نازل فرمایا تاکہ ایمان کے ساتھ ان کا ایمان اور زیادہ ہوجائے، اور اللہ ہی کے لیے ہیں لشکر آسمانوں کے اور زمین کے اور اللہ علیم ہے حکیم ہے۔)

سکینہ یعنی سکون وامن مؤمن کے دل کو ایمان کی مضبوطی عطا کرتا ہے، اور یہ دل کا سکون اس کو انصاف وامن کے لیے جدوجہد کرنے پر راغب کرتا ہے۔ امن کا تعلق اگرچہ روحانیت کے ساتھ ہے مگر اس کا حصول جدوجہد کے بغیر ممکن نہیں ہے۔[۷] اسلام کا تو مفہوم ہی اللہ کے سامنے خود کو جھکا دینا ہے۔

امن کا مطلب ہی انصاف ہے اور انصاف کی زبان تمام دنیا کے انسان سمجھتے ہیں۔ اسی کے ذریعے انسان ایک دوسرے کے قریب آسکتے ہیں۔ اب یہ انسان کی عقل پر منحصر ہے کہ وہ کس طرح صحیح راستے کا انتخاب کرتا ہے اور انصاف کے لیے کوشش کرتا ہے۔ قرآن کریم کی تعلیمات سے پتا چلتا ہے کہ امن کے حصول کے ذرائع

---

5. Ibrahim Kalin, “Islam and Peace: A Survey of the Sources of Peace in the Islamic Tradition,” *Islamic Studies*,” 44: 3 (2005), 327-362.

۶– القرآن، ۴۸: ۴۔

7– Mahmoud Zatzook, *On Philosophy, Culture and Peace in Islam* (Shorouk International Publishers, 2004), 107.

انسان کو باہر تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ یہ تو اللہ سبحانہ تعالیٰ نے انسان کے اندر رکھ دیے ہیں۔ جیسا کہ قرآن کریم میں آتا ہے:﴿ فَأَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾(۸) (اور ہم نے اس کو اور کشتی والوں کو بچا لیا اور اسے جہان والوں کے لیے ایک نشانی بنا دیا۔) یہی وہ الہامی کتاب قوت ہے جو انسان کو امن کا متلاشی بناتی ہے۔ بلکہ امن قائم کرنے والے کے درجے تک پہنچا دیتی ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا﴾(۹)

(بابرکت ہے وہ ذات جو اگر چاہے تو آپ کے لیے اس سے بہتر نعمتیں عطا فرما دے یعنی ایسے باغ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں اور آپ کے لیے محل بنا دے۔)

یعنی اللہ انسان کو سلامتی کی طرف بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے راہِ راست پر چلنے کی توفیق عطا کرتا ہے۔ اسی طرح قرآن کریم بھلائی، پرہیز گاری اور لوگوں کے درمیان امن و اصلاح قائم کرنے کے کام کو چھوڑ دینے کی سختی سے ممانعت کرتا ہے۔(۱۰) اس سے پتا چلتا ہے کہ نیکی، پرہیز گاری اور امن و امان قائم کرنا انسان کی بنیادی معاشرتی ذمے داریوں میں سے ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں واضح الفاظ میں فساد پھیلانے سے منع فرمایا ہے۔(۱۱) ایک انسان کی جان لینے والا گویا کہ تمام انسانیت کو قتل کرنے والا قرار پایا۔(۱۲)

امن کا اسلامی تصوّر یہ بتاتا ہے کہ امن کا حصول انسان کی کام یابی اور اللہ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ انسانی فطرت میں امن سے رہنا طبعی اور لازمی امر ہے، بلکہ عبادات اور روحانیت کے لیے امن ناگزیر ہے، امن و محبت کے بغیر انسانی زندگی کا تصوّر ممکن نہیں۔ قرآن کے تصوّر امن سے مراد سلامتی اور نجات ہے۔ انسانی شخصیت کے مطالعے سے بھی اس حقیقت کا ادراک ہوتا ہے کہ جو انسان امن پسند ہوتے ہیں وہی لوگ امن کو فروغ بھی دیتے ہیں۔ امن کو صرف اپنی ذات کے لیے پسند کرنا اور مطالبہ کرنا جب کہ دوسروں کے لیے امن طلب

---

۸ – القرآن، ۲۹ : ۱۵۔

۹ – القرآن، ۲۵ : ۱۰۔

۱۰ – القرآن، ۲ : ۲۲۴۔

۱۱ – القرآن، ۷: ۵۶۔

۱۲ – القرآن، ۵:۳۲۔

نہ کرنا، امن کے بنیادی مقصد کی ہی نفی کرتا ہے۔[۱۳]

قرآن کریم تمام انسانوں اور انسانی معاشروں کو امن کی طرف بلاتا ہے۔ امن وامان کے ذریعے ہی انسانی معاشروں میں ایک دوسرے کے ساتھ رہا جا سکتا ہے۔ اسلام سلامتی پر اس قدر زور دیتا ہے کہ مسلمان ایک دوسرے کو سلامتی کے ساتھ ملتے ہیں۔ یعنی وہ پہلا قدم ہے جو وہ ایک دوسرے کی طرف بڑھاتے ہیں اور اس کے مطابق اپنی پوری زندگی کو ترتیب دینا ہوتا ہے۔ امن اللہ کا عطا کردہ عطیہ اور اس کا وعدہ ہے ورنہ حقیقی معنوں میں امن کا حصول بہت مشکل کام ہے۔ ایک مسلمان امن کے قیام کے ذریعے دین اسلام کی تعلیمات پر عمل کر سکتا ہے؛ کیوں کہ انسانی خواہشات اور ان خواہشات کے حصول کی کوششیں امن کے ساتھ جڑی ہوتی ہیں، لیکن پھر انسان کا اپنے رب سے تعلق اس کو احساس دلاتا ہے کہ دوسرے تمام انسان بھی انھی خواہشات کے حصول کے لیے سرگرداں ہیں۔ ایسی ملتی جلتی صورت حال تقریباً تمام مذاہب ثقافتوں اور معاشروں میں پائی جاتی ہے۔ ایسی صورت حال میں امن کے حصول کی کوششیں مزید اہم ہو جاتی ہیں۔ انسانی معاشروں اور انسانوں کا فرق فطری امر ہے۔ یہی فرق، امن کی طرف اور اتحاد کی طرف بلاتا ہے۔[۱۴]

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو رنگ ونسل اور قبائل میں اس لیے تقسیم کیا کہ ان کا آپس میں تعارف ہو سکے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ﴾[۱۵] (لوگو! بیشک ہم نے تمھیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تمھارے مختلف خاندان اور قبیلے بنا دیے تاکہ آپس میں شناخت کر سکو۔ بے شک تم میں سے سب سے بڑا عزت والا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سب سے بڑا پرہیز گار ہے، بے شک اللہ جاننے والا ہے باخبر ہے۔) انسانوں کے ایک دوسرے سے تعارف اور شناسائی کی اہمیت اس قدر زیادہ ہے کہ دوسرے انسانوں کو جاننے اور سمجھنے کے لیے اپنے معبود کو جاننا اور پہچاننا ضروری ہے۔ جو اپنے معبود کو جان

13– Mahmoud Zakzouk, *On Philosophy, Culture and Peace in Islam*, 92.

14– Ibrahim Kalin, "Islam and Peace: A Survey of the Sources of Peace in the Islamic Tradition, *Islamic Studies*," 44: 3(2005), 327-362; M.R Anjum, Bilal Ahmad Wani, "Concept of Peace in Islam: A Study of Contributions of Moulana Wahid Uddin Khan: Peaceful Co-existence," *International Journal of Scientific and Research Publications*, 7: 6 (2017), 383-400.

۱۵– القرآن، ۴۹: ۱۳۔

لیتا ہے پھر وہ دوسرے انسانوں کے ساتھ انصاف کا رویہ رکھتا ہے اور اس طرح وہ اپنی ذات اور دوسرے کے لیے سراپا امن و محبت بن جاتا ہے۔یہی وہ معاشرتی آداب ہیں جن سے صلہ رحمی اور ہم دردی اور تعاون کے جذبات پروان چڑھتے ہیں۔ایک دوسرے پر ظلم نہ کرنے اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے سے متعلق رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”عن النبیﷺ فيما روي عن الله تبارک و تعالیٰ أنه قال:يَا عِبادِي! اِنِّي حَرَّمتُ الظُّلمَ عَلٰى نَفسِي، وَجَعَلتُهبيُنكُم مُحَرَّمًا، فَلَا تَظَالُموا، يَا عِبادِي...“ (۱۶)

یعنی اللہ تعالیٰ نے ظلم کو اپنے اوپر حرام قرار دیا ہے اور انسانوں کے لیے بھی یہی اصول رکھا ہے۔ذات باری تعالیٰ جس نے امن کو پیدا کیا ہے وہ امن اس کے انصاف پر مبنی ہے۔چناں چہ اسلام میں امن کا تصوّر صرف قانون سازی تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ رحم، ہم دردی اور دل جوئی کی اضافی خوبیوں کا حامل بھی ہے۔جس کے ذریعے امن کے دروازے کو دوسروں کے لیے بھی ہمیشہ کھلا رکھا جاتا ہے۔اسلام میں اپنے دشمنوں تک کو امن قائم کرنے کا موقع دیا جاسکتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں یہ پتا چلتا ہے کہ انسانی تعلقات کی بنیاد باہمی محبت پر ہونی چاہیے۔(۱۷) محبت کا حصول امن و امان کے بغیر ممکن نہیں ہے۔انسانی معاشرے صرف امن و سلامتی کی بنیاد پر ہی پروان چڑھ سکتے ہیں۔ارشاد رسول اکرم ﷺ ہے: ”إن أَ وْلَى الناس بِالله مَن بَدَأَهُمْ بالسلام.“(۱۸) (لوگوں میں سے اللہ کے ہاں برتر وہ ہے جو سلام میں پہلے کرے۔) نیز ارشاد فرمایا:”مَنْ حَمَلَ عَلينَا السِّلاحَ

۱۶۔ مسلم بن الحجاج ابوالحسن القشیری النیسابوری، **صحیح مسلم**،کتاب البروالصلة و الآداب،باب تحريم الظلم، ت: محمد فواد عبد الباقی(بیروت: دار إحياء التراث العربي)، رقم: ۲۵۷۷۔

۱۷۔ ابو زکریا محی الدین یحیی بن شرف النووی، **رياض الصالحين**،باب فضل الحب في الله والحث عليه وإعلام الرجل من يحبه أنه يحبه، وماذا يقول لَهُ إِذَا أعلمه،ت: شعیب الارنؤوط،(بیروت: مؤسسة الرسالة،۱۹۹۸ء)، رقم: ۳۷۸۔

۱۸۔ ابو داود سلیمان بن الاشعث السجستانی،**سنن أبي داود** ،أبواب النوم، باب في فضل من بدأ السلام،ت: محمد محی الدین عبد الحمید(بیروت: المكتبة العصرية)، رقم: ۵۱۹۷۔

فَلَيْسَ مِنَّا. "[19](جو ہمارے اوپر اسلحہ اٹھائے، وہ ہم میں سے نہیں۔)

جو اپنے مسلمان بھائی پر اسلحہ اٹھائے وہ ہم میں سے نہیں۔ ایک دوسری جگہ فرمایا کہ "جو دھوکا دے وہ ہم میں سے نہیں" [20] چناں چہ محبت امن سلامتی کو ایمان کے ساتھ جوڑا گیا ہے اور جنت کے حصول کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ اس کے بر عکس جنگ و جدل، جھگڑے اور دھوکا دہی کرنے والوں سے دست برداری کا اعلان کیا گیا ہے۔ تعمیر امن آپ ﷺ کی پہلی مہم تھی جو کہ اللہ کے پیغام کو لوگوں تک پہنچانے کے لیے ضروری تھی۔ اپنی مکی زندگی میں آپ ﷺ نے امن کے ہتھیار کو استعمال کیا تمام تر مصائب کے باوجود آپ ﷺ کا پایۂ استقلال متزلزل نہ ہوا۔ پھر مدنی زندگی میں امن، محبت، ہم آہنگی، پر مبنی معاشرے کی بنیاد ڈالی۔

۲- امن کے حوالے سے پاکستان کو درپیش تحدّیات

۲.۱- دہشت گردی اور فرقہ پرستی

امن کے حوالے سے پاکستان کو درپیش تحدیات میں سب سے بڑا مسئلہ دہشت گردی کا ہے۔ دہشت گرد تنظیموں نے مذہب اور عصبیت کو بنیاد بنا کر دہشت گردی کو فروغ دیا۔ دہشت گرد حملوں میں نہ صرف ریاستی اداروں، بلکہ عام عوام نے بھی بہت نقصان اٹھایا۔ دہشت گردوں نے جہاد اور قتال جیسی اصطلاحات کا استعمال کر کے عام لوگوں کو مرغوب کیا ان کی ہم دردیاں بٹوریں۔ دہشت گردوں کا بیانیہ اس قدر طاقت ور ہو گیا کہ عام آدمی کے لیے صحیح اور غلط میں فرق کرنا ہی مشکل ہو تا چلا گیا؛ چناں چہ ریاستی سطح پر آگاہی ورک شاپوں اور پروگراموں کے ذریعے لوگوں کو حقیقت حال سے متعارف کروایا گیا۔ دہشت گردی کے بیانیے کو نہ صرف چیلنج کیا گیا، بلکہ اسلام کی اصل تعلیمات کی طرف توجہ بھی دلائی گئی۔

علما اور مذہبی راہ نماؤں نے قتال و جہاد کے اصل تصوّرات کی وضاحت کی۔ ریاست کے خلاف لڑنے والوں اور قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے والوں کے لیے سخت ترین سزا کا مطالبہ بھی کر دیا۔ حالیہ برسوں میں دہشت گردی کی لہر میں کمی دیکھی گئی ہے، لیکن اس کے مکمل خاتمے کے لیے ابھی بھی طویل جدوجہد کی ضرورت ہے۔

۱۹- **صحيح مسلم**،كتاب الإيمان،باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: من حمل علينا السلاح فليس منا، رقم: ۱۰۰۔

۲۰- **صحيح مسلم**،كتاب الإيمان، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم : من غشنا فليس منا، رقم: ۱۰۱۔

دہشت گردی کے علاوہ فرقہ پرستی بھی بہت بڑا مسئلہ ہے۔ بعض اوقات پر تشدد فرقہ پرستی کی بنیاد پر ہی دہشت گرد کارروائیاں عمل میں لائی جاتی ہیں۔ دہشت گرد تنظیمیں دوسرے مسالک اور فرقے کے معصوم لوگوں کو دہشت گردی کا نشانہ بناتی ہیں۔ پر تشدد فرقہ پرست گروہ تنوع اور اختلاف کو قبول نہیں کرتے، یہ صرف اپنے فرقے کو صحیح قرار دیتے ہوئے باقی تمام فرقوں کو مٹانے پر یقین رکھتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے فقہی و قانونی اصطلاحات کو اس طرح استعمال کرتے ہیں کہ اپنے کیے ہوئے ہر ناجائز اور حرام فعل کو عین حق قرار دیتے ہیں، حالاں کہ مختلف مسالک اور فقہی مذاہب تنوع اور لچک کی علامت ہیں، نہ کہ فتنہ وفساد کی۔

پاکستان میں مذہبی شدت پسندوں نے قانون کو اپنے ہاتھ میں لیا تاکہ نیکی کو پھیلایا اور بدی کو بزور طاقت روکا جائے؛ جب کہ اسلامی ریاست کے باشندے قانون کو توڑ نہیں سکتے، نہ قانون ہی کو اپنے ہاتھ میں لے سکتے ہیں۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں اس قسم کی کارروائیاں قابل قبول نہیں، پھر اسلام جیسا عظیم مذہب اس کی اجازت کیسے دے سکتا ہے۔

پاکستان میں فرقہ پرستی کی جڑیں بہت گہری اور مضبوط ہیں۔ اس کے پیچھے بھی مذہبی بیانیہ کار فرما رہا ہے۔ جس کے ذریعے سیاسی قوت حاصل کر کے اپنا تسلط قائم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ فرقہ پرستی جب پر تشدد ہو جائے تو پھر وہ دہشت گردی میں تبدیل ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگاتی۔

پر تشدد فرقہ پرستی اور دہشت گردی جیسے رجحانات پاکستان کے اسلامی معاشرے میں اچانک سے نمودار نہیں ہوئے بلکہ کئی سالوں تک اس پر کام ہوتا رہا ہے اور ان رجحانات کو پنپنے دیا گیا ہے۔ حالاں کہ ان کا اسلام کی اصل تعلیمات سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ ریاستی سطح پر ایسے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جن سے عام عوام اسلام کی اصل تعلیمات کو سمجھ سکیں۔

۲.۲– شدت پسندی اور نفرت انگیزی

بنیاد پرستی، شدت پسندی، انتہا پسندی اور نفرت انگیزی کسی انسان کے اندر کیسے جنم لیتی ہے؛ اس کے متعلق حتمی طور پر کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ مگر دہشت گردوں اور شدت پسندوں وغیرہ پر تحقیق کرنے سے کچھ امور کی وضاحت ہوئی ہے۔

بنیاد پرستی ایک متحرک عمل کا نام ہے، جس کے ذریعے دہشت گرد پیدا ہوتے ہیں۔ اس عمل کے ذریعے انتہا پسندانہ عقائد و نظریات دوسروں پر مسلط کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ایسا کرتے وقت معاشرے کا

کوئی ڈر یا خوف نہیں پایا جاتا۔[۲۱] یہاں تک کہ طاقت کا استعمال بھی کیا جاتا ہے تا کہ معاشرے پر اپنے عقائد و نظریات نافذ کیے جائیں۔ دہشت گرد، شدت پسند یا انتہا پسند سے مختلف صرف طاقت کے استعمال کی وجہ سے ہوتا ہے۔[۲۲] دنیا اور اس میں رہنے والے لوگوں کو دیکھنے اور سمجھنے کے لیے بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ تبدیلی وقت کے ساتھ آتی ہے۔ چناں چہ دہشت گرد، شدت پسند یا انتہا پسند ایک دم سے وجود میں نہیں آجاتے بلکہ اس عمل میں کافی وقت لگتا ہے۔ یہ سمجھنا بہت ضروری ہے کہ کسی حتمی نتیجے تک پہنچنے کے لیے انتہا پسند طاقت کا استعمال سب سے آخری مرحلے پر کرتا ہے۔

دیکھا گیا ہے کہ انتہا پسندی یا شدت پسندی کے متعلق یوں تو بے تحاشہ علمی و فکری مواد موجود ہے، بہت سے نظریات اور فلسفے بھی پائے جاتے ہیں، مگر کوئی بھی نظریہ یا Doctrine عملی طور پر ٹیسٹ نہیں کیا گیا؛ چناں چہ مختلف نظریات اور تصوّرات کی روشنی میں شدت پسندی کی طرف جانے والے راستے کی وضاحت ضرور ملتی ہے۔ ایک عام انسان مختلف مراحل سے گزر کر شدت پسند اور بالآخر دہشت گرد میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ شدت پسندی پر تحقیق کرنے والے ان مراحل کو مختلف طریقے سے دیکھتے ہیں لیکن یہ ضروری نہیں سمجھتے کہ دہشت گرد بننے کے لیے تمام مراحل سے گزرنا لازمی ہے؛ کیوں کہ ممکن ہے کہ کوئی شخص شدت پسند بننے کے فوراً بعد ہی دہشت گرد بن جائے۔ یعنی اپنے تصوّرات و خیالات میں اس قدر شدت اور انتہا پسندی پائے کہ طاقت کے استعمال پر نکل کھڑا ہو۔[۲۳]

اس کے ساتھ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ ناانصافی اور ظلم کا شکار ہونے والے لوگ بھی طاقت کے استعمال کو جائز سمجھتے ہیں، کیوں کہ ان کو اپنی اور دوسروں کی دادرسی کا صرف یہی ایک طریقہ نظر آتا ہے۔

انسان کے لیے اس کی شناخت اور تشخص بہت اہمیت رکھتا ہے۔ بعض اوقات اپنی شناخت کی تلاش اور مقصد حیات کی وضاحت کے لیے لوگ ایسی شدت پسند تنظیموں کا حصہ بن جاتے ہیں۔ شدت پسند تنظیموں کا حصہ

21– Alex Schmid, "Radicalization, De-Radicalization, Counter-Radicalization: A Conceptual Discussion and Literature Review," *Terrorism and Counter-Terrorism Studies*, 4, 2013 at http://doi.org/10. 19165/ 2013.02

22. Borum Randy, "Radicalization into Violent Extremism: A Review of Social Science Theories," *Journal of Strategic Security*, 4: 4(2011), 7-36.

23. Mario Ferrero, "Radicalization as a Reaction to Failure: An Economic model of Islamic Extremism," *Public Choice*, 122: 1-2 (2005), 199-220; Alex P. Schmid, ed., *The Routledge Handbook of Terrorism Research* (London: New York: Rutledge, Taylor and Francis Group, 2013).

بعض لوگ صرف اس لیے بھی بن جاتے ہیں کیوں کہ وہ ان کے ساتھ اپنے عقائد و مذہب کی وجہ سے اپنائیت اور تعلق محسوس کرتے ہیں۔ چاہے انتہا پسندی، شدت پسندی یا دہشت گردی کسی بھی وجہ سے اپنائی گئی ہو، دہشت گرد طاقت کا استعمال بغیر سوچے سمجھے یا بغیر کسی مقصد کے نہیں کرتا، بلکہ طاقت کے استعمال کے پیچھے ہمیشہ نظریہ کار فرما ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر جنت کا حصول، اسلام کی فتح اور کفر کا خاتمہ وغیرہ، لیکن طاقت کے استعمال کا نظریہ چاہے جو بھی ہو، مذہبی یا غیر مذہبی، تمام شدت پسند اور دہشت گرد متضاد آرا و عقائد کے حامی ہوتے ہیں۔ وہ اپنے خیالات و نظریات کے فروغ کے لیے معاشرے میں تقسیم کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ معاشرے کو گروہوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ یہ تقسیم مذہب، انصاف، برابری یا کسی بھی ایجنڈے کے تحت ہو سکتی ہے۔ تمام دہشت گرد آمریت کے علم بردار ہوتے ہیں۔ صرف اپنے سچ کے سچ ہونے پر بضد ہوتے ہیں۔ دوسروں کی سچائی دیکھنا یا ماننا نہیں چاہتے۔ ان کی تمام تر اخلاقیات کا یہی پیمانہ ہوتا ہے۔ شدت پسند گروہ اپنے ساتھیوں کی مدد اور رسد حاصل کرنے کے لیے خوف کا سہارا لیتے ہیں۔ یعنی یہ باور کرواتے رہتے ہیں کہ ہم اچھے ہیں اور ہمیں باقی برے لوگوں سے خطرہ ہے۔ اس لیے ہمیں مل کر ایک دوسرے کو مدد فراہم کرنی ہے۔؛ چناں چہ نفرت انگیزی کا سہارا لے کر دہشت پسندی کو مزید ہوا دی جاتی ہے۔ ذہنی و نفسیاتی ہتھکنڈوں کے ذریعے طاقت کے استعمال پر قائل کیا جاتا ہے۔[۲۴]

پاکستان میں ۱۹۷۰ء کی دہائی سے مذہب کا سیاست میں واضح غلبہ دکھائی دیتا ہے۔ پاکستان میں مذہبی یا سیکولر نظام کو لے کر کافی تحریکیں سر اٹھاتی رہی ہیں۔ چناں چہ ۱۹۷۷ء میں پاکستان کی سیاسی پہچان اور تشخص کو کافی حد تک واضح کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس وقت کی حکومت نے سیکولر ازم کو ریاست کے لیے خطرہ قرار دے کر، مذہب کو ریاست کی اساس قرار دے دیا۔[۲۵] اس پیش رفت سے مذہبی جماعتوں نے خوشی اور سکون کا سانس لیا؛ کیوں کہ وہ کافی عرصے سے اسی کے لیے جدوجہد کر رہے تھے۔ ریاست میں مختلف مسالک اور مکاتب فکر کے مذہبی رہ نماؤں نے اپنے نظریات اور عقائد کے لحاظ سے مختلف بیانیے تیار کیے اور انکا پرچار بھی شروع کر دیا۔[۲۶] یہیں

24. Manus I. Midlarsky, *Origins of Political Extremism: Mass Violence in the Twentieth Century and Beyond* (Cambridge: University Press, 2011), 7-10.
25. Farzana Shaikh, *Making Sense of Pakistan* (New York: Columbia University Press, 2009); Anatol Lieven, *Pakistan a Hard Country* (New York: Public Affairs, 2011); Aitzaz Ahsan, *The Indus Saga and the Making of Pakistan* (Karachi: Oxford University Press, 1996).
26. Shahid Javed Burki, *Pakistan A Nation in the Making* (Pakistan: West view Press, 1986); James Wynbrandt, *A Brief History of Pakistan* (New York: Facts on File, 2008).

سے ملک میں مذہبی شدت پسندی بھی جنم لیتی دکھائی دیتی ہے۔ اس کے بعد اگلا سوال ریاست کے سیاسی نظام کی پہچان تھا۔ آیا ریاست کا سیاسی نظام مذہبی ہو گا یا جمہوری۔ اس کے بعد ایک طویل جدوجہد پاکستان کی سیاسی تاریخ میں دیکھی جاسکتی ہے۔ جو مملکتِ خداداد کے سیاسی مستقبل کو طے کرنے کی کوشش میں سرگرداں ہے۔ (۲۷)

۱۹۸۰ء کی دہائی میں سوویت یونین کو افغانستان سے نکالنے کے لیے جو جہاد شروع کیا گیا تھا اس کو تقویت دینے کے لیے پاکستان اور افغانستان کے بارڈر پر مدارس کی ایک چین تعمیر کی گئی جو افغان مجاہدین کو مدد فراہم کرتے تھے۔ (۲۸) درحقیقت وہ افغان جنگ عربوں کی مدد سے لڑی جارہی تھی۔ اس وقت کی جغرافیائی سیاست کے تناظر میں اس جہاد کا بنیادی مقصد سوویت یونین کا افغانستان سے انخلا اور ایران میں شیعہ کی طاقت کو کم کرنا تھا۔ اس تمام صورت حال میں پاکستان مزید انتہا پسندی کی طرف چلا گیا۔

مذہبی و سیاسی شناخت کا بحران جو ریاست کے سامنے تھا، معاشرہ بھی اس سے بری طرح متأثر ہو رہا تھا۔ اس کے نتیجے میں مذہبی سرگرمیوں کے بجائے مذہبی انتہا پسندی نے جنم لیا۔ یہاں تک کہ جب صدر پرویز مشرف نے اپنے دور حکومت میں آزاد لبرل پاکستان بنانا چاہا تو ان کو سخت تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ (۲۹) اس تنقید اور مخالفت کی بڑی وجہ فوجی آمریت کے ذریعے حکومت پر مسلط ہو جانا بھی تھا۔ آمرانہ نظام حکومت مزید شدت پسندی کو ہوا دیتا ہے۔ جب جمہوریت اور سیاسی اظہار رائے کے دروازے بند کر دیے جائیں تو پھر شدت پسندی اور انتہا پسندی معاشرے میں مزید تیزی سے سرایت کرتی ہے۔

افغانستان میں موجود مجاہدین نے پاکستان میں بھی افراتفری اور عدم استحکام پیدا کیا۔ معاشرے میں شدت پسندی کی ایک بڑی وجہ یہ غیر ملکی ایجنٹ بھی تھے؛ کیوں کہ افغان جہاد کے لیے لوگوں کو تیار کیا جاتا تھا جو کہ بعد میں کسی ایک علاقے یا خطے تک محدود نہ رہ سکا۔ دوسری طرف پاکستان کو اپنے قیام ہی سے ہندوستان سے خطرہ لاحق ہے۔ بھارت جیسا چالاک اور طاقت ور دشمن ہمیشہ ہی پاکستان کی اندرونی و بیرونی سیاست، پالیسیوں اور تعلقات پر اثر انداز ہوتا رہا ہے۔

بھارت کا افغانستان میں بڑھتا ہوا اثر و رسوخ، تعلقات اور سرمایہ کاری پاکستان کے خدشات کو مزید بڑھا

27– Ibid.

28– Ibid.

29. Sharif Al-Mujahid, *Ideological Orientation of Pakistan* (Karachi: Nation Board Foundation, 1976); Syed Sharifuddin Pirzada, *Evolution of Pakistan* (Lahore: The All Pakistan Legal Decisions, 1962).

رہے ہیں۔ چناں چہ ریاست کے بجٹ کا بڑا حصہ فوجی سر گرمیوں، اسلحہ و جنگی سامان کی خریداری پر صرف ہو جاتا ہے، جب کہ دوسرے شعبہ جات جن پر توجہ دی جانے چاہیے نظر انداز ہو جاتے ہیں۔ یہ سب عوامل ریاست کی اقتصادی صورت حال کو برے طریقے سے متأثر کر رہے ہیں۔ نتیجتاً بے روز گاری، مہنگائی اور وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور غربت جیسے مسائل جنم لیتے ہیں۔ ایسے حالات بہت سے لوگوں کو شدت پسندی و دہشت گردی کی طرف دھکیل دیتے ہیں۔ [۳۰]

پاکستان میں شدت پسندی اور نفرت انگیزی سنگین صورت اختیار کر گئی ہے۔ پاکستان کی مذہبی اور سیاسی شناخت کو لے کر مختلف مسائل پیدا کیے جاتے رہے ہیں۔ مذہبی شدت پسند نظریات رکھنے والوں میں اضافہ ہوا۔ اس کی بڑی وجہ غالباً مذہب کی نامکمل سمجھ بوجھ اور مذہبی رہ نماؤں کے مخصوص بیانیے کا پرچار اور فروغ ہے۔ مذہب کو بنیاد بنا کر تشدد پر اکسانے کے بڑھتے ہوئے واقعات اور خاص طور ہجوم کی پر تشدد کاروائیاں لمحۂ فکریہ ہیں۔ ایسے افسوس ناک واقعات کی روک تھام ناگزیر ہے۔ اس قسم کے قابل مذمت اور مذموم واقعات کسی معاشرے کے تباہ حال ہونے کی واضح دلیلیں ہیں جن کا کسی بھی نقطۂ نظر سے دفاع نہیں کیا جا سکتا۔

بڑھتی ہوئی شدت پسندی اور نفرت انگیزی کی وجوہات کا تعلق صرف مذہب سے نہیں ہے، بلکہ دوسرے بہت سے عوامل جن میں قانون کی عمل داری کا فقدان، انصاف کی عدم فراہمی، اداروں پر عدم اعتماد وغیرہ شامل ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائیٹس اور سوشل میڈیا کو شدت پسندی اور نفرت انگیزی کے فروغ کے لیے استعمال کرنے کی روایت عام ہوتی جا رہی ہے۔

پاکستان میں بڑھتی ہوئی شدت پسندی کسی ایک عنصر کی وجہ سے نہیں ہے، بلکہ بہت سے اندرونی و بیرونی عناصر نے اس میں کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کے اندرونی سیاسی، تعلیمی و اقتصادی صورت حال اور قانون کی عمل داری نہ ہونے کی وجہ سے بڑھتے ہوئے مسائل کسی سے ڈھکے چھپے نہیں۔ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی جنگوں میں شمولیت، مغرب سے نفرت، تہذیبوں کے تصادم وغیرہ جیسے مسائل نے ملک کی اقتصادی و سیاسی صورت حال کو مزید بگاڑ دیا ہے۔ ان تمام حالات کا عوام پر اثر انداز ہونا ایک لازمی امر معلوم ہوتا ہے۔ نتیجتاً لوگوں کے اندر انتہا پسندی جڑیں پکڑنے لگی۔

---

30. National Commission on Terrorist Attacks Upon the United States at https://911commission.gov/report/911Report_Exec.htm.

۲.۳- نظام تعلیم و تدریس

ریاست کا تعلیمی نظام نفرت و انتہا پسندی کے بڑھتے ہوئے رجحانات کو روکنے میں ناکام رہا، بلکہ بعض مقامات پر تو باقاعدہ شدت پسندی کو ہوا دینے کا مرتکب بنا رہا۔ پاکستان ایک ایسی نظریاتی ریاست ہے جس کا قیام اسلام کے نام پر عمل میں لایا گیا۔ اس لیے ریاستی باشندوں کی سب سے بڑی شناخت و پہچان ان کا مذہب اسلام ہے۔ مذہب سے محبت اور اپنائیت کے جذبات جو کہ نوجوانانِ پاکستان کا قیمتی اثاثہ تھے، ان کو وقت کے آمروں اور سیاسی جماعتوں نے اپنے مقاصد کے لیے استعمال کیا۔ نوجوانوں کے اندر مذہب اور ثقافت کو بنیاد بنا کر شدت پسندی کی طرف مائل کیا گیا۔ انتہا پسندانہ طرزِ عمل کو پھلنے پھولنے کے لیے ساز گار ماحول کی بھی ضرورت ہوتی ہے؛ چناں چہ ایسا ساز گار ماحول لوگوں کو ریاستی سرپرستی میں فراہم کیا جاتا رہا۔ پاکستان میں بڑھتی ہوئی شدت پسندی پر قابو پانے کے لیے تعلیم کے شعبے پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے، کیوں کہ قیام پاکستان سے لے کر آج تک یہی وہ شعبہ تھا جس پر سب سے زیادہ توجہ دینے کی ضرورت تھی لیکن بد قسمتی سے اسی شعبے کو بری طرح سے نظر انداز کیا گیا۔ جس کا نتیجہ ملک میں شدت پسندی، انتہا پسندی اور دہشت گردی کی صورت میں نکلا اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے۔ پاکستان میں رائج روایتی طریقہ تعلیم میں دو طرح کے نظام پائے جاتے ہیں۔ ایک سرکاری سکولوں کا جب کہ دوسرا پرائیویٹ سکول سسٹم ہے۔ اس کے ساتھ ہی پاکستان میں مدارس کا ایک الگ نظام تعلیم بھی پایا جاتا ہے۔[۳۱] مدارس میں عام طور پر مذہبی تعلیم لڑکے اور لڑکیوں کو مفت فراہم کی جاتی ہے۔ پاکستان میں ایک بڑی تعداد میں مدارس موجود ہیں جو ملک کی تعلیمی ضرورت کو بہت اچھے طریقے سے پورا کر سکتے ہیں۔

مدارس کے قیام اور فروغ میں اہم کردار اسلام میں تعلیم سے متعلق احکام اور عطیات و خیرات کی فضیلت و اہمیت نے ادا کیا۔ زیادہ تر مدارس میں مفت تعلیم کے ساتھ خوراک اور رہائش بھی فراہم کی جاتی ہے۔ اس طرح مدارس میں تعلیم حاصل کرنے والے بچے والدین کے اخراجات کے بوجھ کو بھی ہلکا کر دیتے ہیں۔ بعض مدارس تو اعلیٰ تعلیم بھی فراہم کرتے ہیں اور ملکی و غیر ملکی طلبہ ان سے استفادہ کرتے ہیں۔[۳۲] تاہم زیادہ تر لوکل اور چھوٹے مدارس گھروں کے اندر یا مساجد کے ساتھ کھولے جاتے ہیں جہاں ارد گرد کے لوگ امداد کے ذریعے امام اور

31. C. Christine Fair, *The Madrassah Challenge: Militancy and Religious Education in Pakistan* (Washington DC: US Institute of Peace Press, 2008); *Militant Recruitment in Pakistan: A New Look at the Militancy-Madrassah Connection* (Washington DC: US Institute of Peace Press, 2007).

32- Ibid.

مدرسے کے نظام کو چلاتے ہیں۔ لوکل عوام کی مدد سے چلنے والے مدارس میں امام مسجد، کمیونٹی کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتا ہے اور ان کی مدد اور سرپرستی سے نظام تعلیم اور روزگار چلاتا ہے۔ ایک پورے منظم نظام کے تحت چھوٹے مدارس بھی کام کرتے ہیں، جب کہ بڑی جامعات تو ملکی و غیر ملکی سطح پر شہرت رکھتے ہیں اور مختلف ممالک سے طلبہ ان کا رخ کرتے ہیں۔ مدارس کے نظام تعلیم کے اندر استاد اور طالب علم کے تعلق کو بہت اہمیت حاصل ہے، یہ تعلق اتنا مضبوط بنایا جاتا ہے کہ مذہبی اسکالرز اور طلبہ کا گروپ ایک نیٹ ورک کی طرح کام کرتا ہے۔ مدارس کے طریقۂ تعلیم اور تعاون کے طریقۂ کار پر غور کرنے سے عیاں ہوتا ہے کہ یہ ایک بہت منظم نیٹ ورک کے طور پر کام کر کے معاشرے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کے لیے مدارس کی خود مختار شناخت اور خود مختاری پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ مدارس پرائیویٹ ادارے کے طور پر کام کرتے ہیں اور خود کو دین کا علم بردار اور اتھارٹی سمجھتے ہیں۔ پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی حکومت نے مدارس کی تنظیم نو یا تجدید کی بات کی تو سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ مدارس ریاست پر کسی قسم کا بھروسہ کرنے پر تیار نہیں، وہ اپنا نصاب خود بنانے پر یقین رکھتے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ وہ حکومتی امداد بھی قبول کرنے پر تیار نہیں؛ کیوں کہ وہ آزاد رہنا چاہتے ہیں اور کسی قسم کا دباؤ اور سرپرستی ان کے لیے ناقابل قبول ہے۔

پاکستان میں تمام دنیا کی طرح مدارس کے حوالے سے متضاد خیالات و نظریات پائے جاتے ہیں۔ بعض لبرل ذہنیت رکھنے والے مدارس کو انتہا پسندی اور دہشت گردی کی آماج گاہ سمجھتے ہیں اور کسی قسم کی غیر ملکی مدد ان مدارس میں مزید انتہا پسندی کو پھیلانے میں کردار ادا کرے گی۔ اس لیے مدارس کے بجائے پبلک سکولوں کو امداد فراہم کی جائے تا کہ وہاں نظام تعلیم کو بہتر بنایا جا سکے۔[۳۳]

مدارس کے نظام تعلیم کو یکسر مسترد کر دینا صحیح نہیں ہے؛ کیوں کہ اس نظام تعلیم کے اندر تبدیلیوں اور اصلاحات کے ذریعے بہت سے فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ ہنٹنگٹن (Huntington) کے نظریے کے مطابق تہذیبیں تنازعات کا باعث بنتی ہیں اور تہذیبیں مذاہب سے پروان چڑھتی ہیں۔ چناں چہ مذہب ہی دراصل تنازعات

33– C. Christine Fair, *Militant recruitment in Pakistan: A new look at the Militancy-Madrassah Connection* (Washington DC: US Institute of Peace Press, 2008); Dianne Gereluk, *Education, Extremism and Terrorism: What Should be taught in Citizenship Education and Why* (New York: Continuum International Publishing Group, 2012); Peter W.Singer, *Pakistan's Madrassahs: Ensuring a System of Education not Jihad* (Washington DC: Brookings Institution, 2003).

کا باعث بنتا ہے۔ اگرچہ اس کے مخالف بھی بہت سے نظریات پائے جاتے ہیں۔ جیسا کہ ایک نظریے کے مطابق تنازعات ہی در حقیقت مذہبیت کو جنم دیتے ہیں۔ اسی تناظر میں مذہب اور مذہبیت کی بحث بھی بہت اہم معلوم ہوتی ہے۔ پاکستانی معاشرے میں مذہبیت کے بڑھتے ہوئے جذبات و احساسات کے پیچھے در اصل تنازعات، افراتفری اور معاشی و معاشرتی عدم استحکام جیسے عوامل کار فرما ہیں۔[۳۴] لوگوں نے تعلیمی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے سرکاری سکولوں کی عدم دست یابی کی وجہ سے مدارس کا رخ کیا۔ جہاں معیاری اسلامی و عصری تعلیم مفت فراہم کی جاتی ہے۔

مدارس کو حکومتی سرپرستی حاصل نہیں ہے یہ اپنی مدد آپ کے تحت لوگوں کے عطیات کے مرہونِ منت کام کرتے ہیں۔ چناں چہ مدارس میں ایسا نصاب پڑھایا جانے لگا جس سے بچوں کے ذہنوں میں انتہا پسندانہ طرزِ عمل کو فروغ ملے۔ ریاستی سطح پر جانے انجانے میں اس طرف توجہ نہیں دی گئی۔ فرقہ واریت اور مسلک پرستی کی تمام تحریکیں یہیں سے جنم لیتی نظر آتی ہیں یا پھر اگر جنم نہیں بھی لیتیں تو پروان ضرور چڑھتی ہیں۔ اسی فرقہ واریت کے نتیجے میں ایک عرصے تک پاکستان میں خون کی ہولی کھیلی جاتی رہی۔

روایتی سکولوں میں عصری تعلیم دی جاتی ہے جو کہ ماڈرن زمانے کی ضروریات کو بھی پورا کرتی ہے۔ اس کے ساتھ اسلامیات کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان کے تعلیمی نظام میں یکسانیت نہیں ہے۔ دو مختلف طرح کے تعلیمی نظام رائج ہیں۔ سکول سسٹم، مدارس سے بالکل مختلف نظام تعلیم ہے۔ اس کے علاوہ انگلش میڈیم اور اُردو میڈیم سکولوں کی تقسیم بھی ہے۔ عورت اور مرد میں تعلیم کے حصول کے لیے بھی تفریق کا نظام پایا جاتا ہے۔ غربت اور وسائل کی کمی باقی تمام وجوہات میں سے ایک بڑی وجہ ہے جو معاشرے کو تقسیم کر رہی ہے۔

۲.۴– قومی شناخت کا بحران

Lieven کے نظریے کے مطابق وطنیت اور مذہبیت صدیوں میں معرض وجود میں آئے۔ یہی پھر مذہبی اور ثقافتی شناخت کو فروغ دینے کی وجہ بنے۔ یہ سلسلہ جب آگے بڑھا تو موجودہ مذاہب کے اندر مزید مذاہب اور ادارے بنائے جانے لگے۔ سیکولر وطنیت کے نظریے نے مذہبی رجحانات کو فروغ دیا۔ بعض قوموں نے

34– Vali Nasr, "Military Rule, Islamism and Democracy in Pakistan," *The Middle East Journal*, Vol. 58, No. 2(spring, 2004), 195-209; "International Politics Domestic Imperatives and Identity Mobilization: Sectarianism in Pakistan, 1979-1998," *Comparative Politics*, 32: 2 (Jan, 2000), 171-190.

جدیدیت کے طوفان کو روکنے کے لیے مذہب کا سہارا لیا تاکہ ثقافت کو تباہ ہونے سے بچایا جا سکے۔ جب شدید مذہبی جذبات پھیلنے لگے تو پھر ان کو روکنے کے لیے جنگیں لڑی گئیں۔ (۳۵)

پاکستان میں بڑھتی ہوئی شدت پسندی کی ایک بڑی وجہ قومیت اور ثقافت کو لاحق خطرات ہیں۔ ان خطرات کو روکنے اور دوسرے غیر ملکی عوامل کے اثرات کو کم کرنے کے لیے انتہا پسندی نے جنم لیا۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ معاشرے میں کسی رویے کو پنپنے کے لیے مناسب وقت چاہیے ہوتا ہے۔ ایک نہیں بلکہ بہت سے عوامل اس میں کار فرما ہوتے ہیں۔ یہی حال پاکستانی معاشرے کا بھی ہے۔ جہاں مختلف زبانیں، ثقافتیں، قومیں اور مذاہب آباد ہیں۔ قومیت اور مذہبیت کو بنیاد بنا کر پہلے سے موجود بہت سے تنازعات، اختلافات، شکوے شکایتوں کا بدلہ لیا جاتا رہا۔ قومیت اور مذہب اپنی ذات کے اندر تنازع یا اختلاف نہیں رکھتے، لیکن ان کو اختلافات کے ضمن میں استعمال کیا جاتا ہے۔

۲.۵– سیاسی عدم استحکام اور معاشی زوال

جس وقت پاکستان برطانوی راج سے آزادی کے بعد دنیا کے نقشے پر اُبھرا تو اس کے قریب قریب اَدوار میں اور بھی کئی ممالک بنے یا آزاد ہوئے، لیکن جن مشکلات یا مصائب کا سامنا پاکستان کو رہا وہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے مشکل ترین تھے۔ ایک بڑی ریاست کا ٹوٹ کر تقسیم ہو جانا کوئی نئی بات نہیں تھی مگر پاکستان کے بننے کے بعد پاکستان کے معاشرے اور نظام حکومت و ریاست کے متعلق سوالات اٹھنے لگے تھے۔ مذہب کو لے کر سب سے زیادہ سوالات باشندگان ریاست کے ذہن میں تھے۔ دانش ور، مفکرین اور علما بھی اس مسئلے پر الجھے ہوئے تھے۔ ان سوالات کے جوابات کو تلاش کرنے کے لیے علما کے وفود نے اجلاس بھی منعقد کیے تاکہ پاکستانی معاشرے اور ریاست کے خدوخال کا تعین کیا جا سکے۔

چناں چہ پاکستان اپنی پیدائش کے دن سے ہی کافی زیادہ مشکلات کا شکار تھا اور یہ مشکلات استحکام پاکستان پر اثر انداز ہو رہی تھیں۔ ریاست پاکستان کے استحکام اور پائیداری کو لے کر بہت کچھ لکھا جاتا رہا ہے۔ (۳۶) بنگلہ دیش

35– National Commission on Terrorist Attacks Upon the United States at https://911commission.gov/report/911Report_Exec.htm.

36– Aitzaz Ahsan, *The Indus Saga and the Making of Pakistan* (Karachi: Oxford University Press, 1989); Lawrence Ziring, *Pakistan: The Enigma of Political Development* (New York: Routledge, 2019); Shahid Javed Burki, *Pakistan: A Nation in the Making* (Pakistan: West view Press, 1986); Ishrat Hussain,

کے پاکستان سے الگ ہو جانے جیسے واقعات نے پاکستان کے سیاست دانوں اور پالیسی سازوں کے لیے حقیقی خوف، بے یقینی اور سیکیورٹی رسک جیسے مسائل پیدا کیے۔

پاکستان کو شروع ہی سے سیاسی مسائل کا سامنا رہا ہے۔ سیاسی عدم استحکام، مارشل لا ڈکٹیٹر شپ نے ملک میں جمہوریت کو پروان نہیں چڑھنے دیا۔ سیاسی عدم استحکام کے باوجود بھی پاکستان کی کارکردگی کافی بہتر تھی اور پاکستان کو دنیا ایک امن پسند ملک کے طور پر جانتی تھی۔ بین الاقوامی وفود اور سیاح بلاخوف وخطر پاکستان آتے تھے۔ سرمایہ دار سرمایہ کاری بھی کرتے تھے، لیکن نوے کی دہائی میں پاکستان کے حالات بدلنا شروع ہو گئے۔ ریاست کی معاشی و اقتصادی صورت حال بگڑنا شروع ہو گئی۔ یہاں تک کہ پاکستان کو بین الاقوامی میڈیا نے خطرناک ریاست قرار دے دیا۔ غیر ملکیوں نے پاکستان کا سفر کرنا کم کر دیا۔ سیاحت اور سرمایہ کاری بری طرح متأثر ہوئی۔ ریاست میں دہشت گردی اور تشدد پسندی نے بڑھتی ہوئی سیاحتی اور معاشی سرگرمیوں کو متأثر کیا۔[۳۷] جغرافیائی لحاظ سے پاکستان ایک بہت اہم جگہ پر واقع ہے۔ یہ جنوبی ایشیا، مشرق وسطیٰ، وسطی ایشیا اور چین کو آپس میں ملاتا ہے۔ پاکستان کی سلامتی کو شروع سے ہی بھارت اور افغانستان سے خطرات لاحق رہے ہیں۔[۳۸]

ان پڑوسی ممالک سے خراب تعلقات ریاست کے کردار اور عمل داری پر اثرانداز رہے ہیں۔ پاکستان کا سیاسی اور عسکری لائحہ عمل بھی ان تعلقات کی زد میں رہا۔ اس طرح پاکستان کو اپنے استحکام و سلامتی کے لیے امریکہ کی مدد لینا پڑی۔ ان محاذوں پر بھی اپنا کردار ادا کرنا پڑا جہاں اس کا کوئی ذاتی نفع یا نقصان نہیں تھا۔ ۹/۱۱ کے بعد تو پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں باقاعدہ حصّہ دار بن گیا اور پاکستان کے زیادہ تر علاقے دہشت گردی اور تشدد کی آماج گاہ بن گئے۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ کے دوران پاکستان سیاسی اور معاشی سطح پر تو کم زور ہو رہا تھا، مگر سب سے زیادہ نقصان معاشرتی سطح پر جاری تھا۔ عام پاکستانی کا ذہن بری طرح منتشر تھا۔ وہ اس تمام صورت حال میں اپنے کردار اور شناخت کی جنگ لڑ رہا تھا۔ نظریۂ پاکستان، اسلام، قومی شناخت جیسے مسائل تو شروع ہی سے پاکستانی

Governing the Ungovernable: Institutional Reforms for Democratic Governance (Karachi: Oxford University Press, 2018).

37– Ishrat Hussain, *Governing the Ungovernable: Institutional Reforms for Democratic Governance* (Karachi: Oxford University Press, 2018), 9-20.

38. Muhammad Zia-ul-Haq, *Advancing Peace Inclusiveness and Co-existence through Narrative Building* (Islamabad: Islamic Research Institute, 2022), 31.

معاشرے کو گھیرے ہوئے تھے، لیکن پر تشدد کارروائیوں، دہشت گردی اور ریاست کی دہشت گردی کے خلاف جنگ نے اسلام اور مذہب اور مذہبی تشخص کے سوالات کو مزید ہوا دی۔ گو کہ یہ سوالات بہت پہلے سے دانش وروں، علما و مفکرین کی تحریروں اور مباحث میں ملتے ہیں، لیکن مذہب کے کردار کو لے کر متضاد تصوّرات نے پاکستانی معاشرے میں ہم آہنگی اور امن و امان کو روکے رکھا۔

اناتول لیون (Anatol Lieven) اپنی کتاب *Pakistan: A Hard Country* میں لکھتا ہے کہ ریاست پاکستان اگرچہ پاکستان کو چلانے کا دعویٰ تو کرتی ہے لیکن وہ بہت کم زور ہے۔ جب کہ پاکستانی معاشرہ، ریاست سے کئی گنا زیادہ طاقت ور ہے۔[۳۹] کیوں کہ کوئی شخص یا گروہ اپنی تھوڑی سی طاقت کے ذریعے ریاستی اداروں کو ہلا سکتا ہے۔ امن و امان کی صورت حال کو خراب کر کے اپنے مقاصد کو حاصل کر سکتا ہے۔ خاندانی اور قبائلی ثقافت معاشرے کے اندر بنیادی طاقت سمجھی جاتی ہے۔ یہی چیزیں، سیاسی نظام پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ پاکستان کی موجودہ معاشی صورت حال انتہائی دگر گوں ہے۔

ایک معاشی اندازے کے مطابق پاکستان میں سال ۲۰۲۳ء میں بے روز گاری کی شرح سات فیصد رہی اور تقریباً ۱۲.۷ ملین لوگ بے روز گار ہیں۔[۴۰] بڑھتی ہوئی بے روز گاری، مہنگائی اور غربت معاشرے کو ہر سطح پر متاثر کرتی ہے۔ معاشی زوال، معاشرتی و فکری زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے۔ چناں چہ معاشی و اقتصادی میدان میں سنجیدہ حکمت عملی کی ضرورت ہے تاکہ معاشرے کو معاشی بحران سے باہر نکالا جا سکے۔

۳۔ امن کے اسلامی تصوّر کی پاکستان میں عملی تطبیق

مغرب میں اسلام کے متعلق یہ تأثر پایا جاتا ہے کہ اسلام دنیا میں تلوار کے زور سے پھیلا ہے، حالاں کہ یہ حقیقت نہیں ہے محض فکری مغالطہ ہے۔ اسلام تو روز اوّل ہی سے محبت، امن اور انسانی بھائی چارے کا مذہب ہے۔ چناں چہ تشدد اور انتہا پسندی کے اس دور میں اسلام کے نظریات و کردار کو اُجاگر کرنے کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان علما اور دانش وروں نے اسلام کی بنیادی خصوصیات کو دوبارہ کھوجا اور دنیا کے سامنے رکھا۔ ایک طویل عرصے تک مسلمان مفکرین نے اس کی ضرورت محسوس نہیں کی تھی کہ وہ اسلام اور اسلامی نظام کو اس

39– Anatol Lieven, *Pakistan: A Hard Country* (New York: Public Affairs, 2011), 35-40.

40– Employment-Pakistan / Statista Market Forecast at: Socioeconomic Indicators - Pakistan | Market Forecast (statista.com) accessed on 24-10-2023.

انداز سے پیش کریں۔

شریعت اسلامیہ میں مقاصد کا تصوّر بہت جامع ہے۔ جنگ و امن کو مقاصد شریعت کی روشنی میں کسی معاشرے کے مخصوص حالات و واقعات کو دیکھنے کے بعد انسانیت کے عظیم تر مفاد کو مد نظر رکھ کر نافذ کیا جاتا ہے۔ اندرونی و بیرونی سیاست کا ان قوانین اور اس کے نفاذ پر اثر انداز ہو جانا فطری ہے۔

اسلام کے ساتھ تشدد کو جوڑنے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اسلام کے جنگ کے پہلو کو زیادہ بحثوں کا حصّہ بنایا جاتا رہا ہے۔ جب کہ امن کے نظریات کو اس طرح نمایاں نہیں کیا گیا۔ اسلام توازن پر زور دیتا ہے یہی توازن تمام شعبہ ہائے زندگی میں نظر آنا چاہیے۔ اسلام، صلح اور امان کا مذہب ہے۔ صلح بہترین لائحہ عمل قرار دیا گیا ہے جو معاشرے میں مثبت تبدیلی لاتا ہے۔

تہذیب و ثقافت کا فرق، طرز عمل، رویے اور سوچنے کے انداز پر اثر انداز تو ضرور ہوتا ہے، لیکن یہ فرق اتنا فیصلہ کن بھی نہیں ہے جتنا کہ سمجھا جاتا ہے۔ انسانوں کو ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش روکنی نہیں چاہیے۔ تمام انسانوں کی حقیقت تو ایک ہی ہے جس کی طرف قرآن کریم میں بھی اشارہ کیا گیا ہے۔ روایات و تہذیبوں کے درمیان ہم آہنگی اور مکالمے کی فضا پیدا کی جا سکتی ہے اور اختلافات اور جھگڑوں کو ختم کرنا بھی ممکن ہے۔

مسلمانوں اور مسلم معاشروں کی تاریخ کے مطالعے سے یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ مسلمان معاشرے بھی دوسرے تمام معاشروں کی طرح پھلے پھولے بھی اور زوال اور پستی کا شکار بھی رہے۔ مسلم معاشروں نے جہاں روحانیت، اخلاقیات، رحم اور عدل کی مثالیں قائم کیں وہیں پر ظلم اور تشدد کی مثالیں بھی رقم کیں۔ (۴۱)

چند سو سالوں سے مسلمان زوال کا شکار ہیں اور اس زوال اور پستی نے مسلم معاشروں کو بری طرح متأثر کیا ہے۔ مسلم معاشروں کو اپنے اوپر غور کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے لیے اپنے کھوئے ہوئے وقار اور تعظیم و عظمت کے حصول کے لیے بنیادی سطح سے کام شروع کرنا ہوگا۔ (۴۲)

نو آبادیاتی استعماری دور میں نہ صرف مسلمان ریاستوں کو تباہ کیا گیا، بلکہ مسلم معاشروں، اسلامی تہذیب و ثقافت اور اسلامی اداروں کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچایا گیا۔ اسلامی تہذیب و ثقافت کے آئینہ دار

41– Muhammad Zia-ul-Haq, *Advancing Peace Inclusiveness and Co-existence through Narrative building* (Islamabad: Islamic Research Institute, 2022), 134.

42– Akbar S. Ahmed, *Discovering Islam: Making Sense of Muslim History and Society* (New York: Routledge, 2002), 08-10.

اداروں کو یا تو بالکل مٹا دیا گیا یا پھر ان کی شکل تبدیل کر دی گئی۔ ایک عام مسلمان اپنے اصل اثاثے اور تہذیب سے کٹ کر رہ گیا۔ مسلم معاشروں کے اندر ٹوٹ پھوٹ، بے یقینی اور عدم اعتماد بڑھنا شروع ہو گیا، پھر اس نے آگے چل کر تشدد، بنیاد پرستی، فرقہ واریت اور مذہبی جنونیت جیسے امراض کو جنم دیا۔ نو آبادیاتی استعماری قوتوں کو خوش کرنے کے لیے بعض گروہوں نے مذہب، فرقہ واریت اور نسل پرستی کا سہارا لیا اور بعض دوسرے سیکولر نظریات کا پرچار کرتے نظر آئے۔ طاقت کے حصول کی اس کشمکش میں عام مسلمان اپنے اصل سے جدا ہو کر رہ گیا۔

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے مسلمان معاشرے کی تشکیل جدید پر زور دیا۔ یہ تشکیل جدید قرآن و سنت میں بیان کردہ ماڈل کے مطابق ہونی چاہیے۔ نو آبادیاتی استعماری قوتوں سے نجات حاصل کرنے کے بعد مسلمان جدید جمہوری معاشروں کا حصّہ بن چکے ہیں، لیکن اپنے مذہب سے بھی جڑے ہوئے ہیں۔ مسلم معاشرے کی تشکیل نو کے لیے اس حقیقت کو سمجھنا نہایت ضروری ہے۔ پاکستانی معاشرے کو درست سمت میں لانے کے لیے اسلامی روایات کو بنیاد بنایا جانا چاہیے۔ پاکستانی معاشرے کو اس کے بانی قائد نے ایک جدید اسلامی معاشرے کے طور پر قائم کرنا چاہا تھا۔ بانی پاکستان کا خواب ابھی تک ادھورا ہے۔ سیرت طیبہ کی روشنی میں پاکستان کو جدید اسلامی معاشرہ بنانے کی ضرورت ہے جو دوسرے مسلمانوں کے لیے بھی ایک نمونہ ہو۔

مسلمان علما اور فقہا کو نصوص کی تشریح کرتے وقت نصوص کی گہرائی، پیچیدگی، لچک اور عقلیت کو بھی واضح کرنا چاہیے تاکہ تشریحات کے فرق کو سمجھا جا سکے۔ اسی طرح اسلامی تہذیب و ثقافت کی چیدہ چیدہ خوبیاں لوگوں کے سامنے پیش کرنی چاہییں۔ پر امن اسلامی معاشرے کے خدو خال دنیا کے سامنے رکھنا اس لیے بھی ضروری ہے کہ اسلامی دنیا کو اس سے پہلے ایسے مسائل کا سامنا نہیں تھا جہاں ان کے عقائد، طرزِ معاشرت اور طرزِ عمل کو ہی تشدد اور انتہا پسندی سے جوڑ دیا جائے۔

ویسے تو مسلمان معاشرے کی اصلاح کرنے کے لیے بہت سے طریقے استعمال کیے جا سکتے ہیں جن میں سیکولر، مفاہمانہ، راسخ العقیدہ، غیر مطابقت پذیر وغیرہ شامل ہیں۔ کچھ علما نے مفاہمانہ نقطۂ نظر کے ذریعے اسلامی معاشرے کی اصلاح پر زور دیا ہے۔ ان کے مطابق بین الاقوامی روایات اور اسلامی احکام کے درمیان مطابقت تلاش کی جائے اس طرح دونوں کے درمیان مفاہمت پیدا کرنا ممکن ہو سکے گا۔ اس نقطۂ نظر کے حامی فضل الرحمٰن، محمود

منشی پوری اور عبداللہ احمد وغیرہ ہیں۔(۴۳)

وہ مسلمان علما جو اصلاح و تجدید کو تشریح و تعبیر کے اصولوں پر کرنا تجویز کرتے ہیں، ان کے مطابق شرعی نصوص کی تعبیر و تشریح کرتے وقت معاصر اسلامی معاشرے کے سیاق وسباق کو سامنے رکھا جائے۔ نصوص کی جدید تعبیر و تشریح اس انداز میں کی جائے جو معاصر اسلامی معاشرے کو رہ نمائی فراہم کر سکے۔ نقطۂ ہائے نظر کے درمیان ہم آہنگی تلاش کرنے کے بجائے، معاصر معاشرے کے مسائل کا حل قرآن و سنت کی تعبیر و تشریح کے ذریعے کیا جائے۔(۴۴)

فضل الرحمٰن اور دوسرے علما نصوص کے ثوابت اور تغیرات کے درمیان فرق کرتے ہیں۔(۴۵)نصوص کا وہ حصّہ جو تغیر پذیر ہے وہ وقت و حالات کے مطابق تشریح طلب ہوتا ہے۔ قرآن کو کسی ایک معاشرے اور اس کی تاریخ پر محمول کرلینا منطقی نہیں معلوم ہوتا۔(۴۶)

کچھ علما نے مسلمان معاشرے کی تشکیل نو کے لیے منطقی اور مدلل نقطۂ نظر کی مخالفت کی اور سخت و غیر لچک دار تشریحات پر ہی زور دیا۔ اس نقطۂ نظر کے حامیوں نے دوسرے مذاہب و روایت سے کسی قسم کا تعلق نہ رکھتے ہوئے، ایک حاکمانہ طرز عمل تجویز کیا ہے۔(۴۷) مغرب سے ملنے والے کسی بھی نظریے، تصوّر یا طرز عمل کو

43– Abdullahi Ahmed An-Na'im, *Toward an Islamic Reformation: Civil Liberties, Human Rights and International Law* (Syracuse: Syracuse University Press, 1990); Niaz A. Shah, "Women's Human Rights in the Koran: An Interpretive Approach," *Human Rights Quarterly,* 28:4 (2006), 868–903 at http://www.jstor.org/stable/20072771

44. Niaz A. Shah, "Women's Human Rights in the Koran: An Interpretive Approach," *Human Rights Quarterly,* 28: 4 (2006): 868–903 at http://www.jstor.org/stable/20072771; Chilla Bulbeck, "Less than overwhelmed by Beijing: Problems Concerning Women's Commonality and Diversity," *The Australian Feminist Law Journal*, Vol. 3, (1996), 30-38.

45. Fazal ur Rehman, *Islam and Modernity: Transformation of an Intellectual Tradition* (University of Chicago Press, 1984); Asghar Ali Engineer, *The Right of Women in Islam* (Sterling Publication, 2004).

46. Wan Norhayate Binti Wan Daud, *The Concept of Knowledge in Islam and its implications for Education in a Developing Country* (Mansell, 1989).

47. Sayyid Qutb, *Milestones* (Indianapolis: American Trust Publication, 1991); Ahmad S. Moussalli, *Radical Islamic Fundamentalism: The Ideological and Political Discourse of Sayyid Qutb* (Beirut: American University of Beirut, 1992).

ناقابل قبول اور مسلمانوں کے لیے خطرہ اور سازش قرار دیا۔ اس نقطۂ نظر کے علما اور ان کے حامی مغرب کے خوف میں مبتلا رہتے ہیں۔ اسی قسم کے نظریات و تصوّرات نے مسلمان معاشروں کے اندر انتہا پسندی اور دہشت گردی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا۔[۴۸]

اسی سے ملتے جلتے کچھ اور نظریات و تصوّرات بھی پائے جاتے ہیں جو اسلامی روایات کا کسی دوسرے نظام سے میل ملاپ یکسر مسترد کرتے ہوئے شریعت اسلامیہ پر مبنی نظام معاشرت تجویز کرتے ہیں۔

مسلمان علما اور مفکرین نے انسانی معاشروں کی تغیر پذیری کا ادراک کیا ہے اور اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ انسانی زندگی بدلتے حالات کے ساتھ بدل جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسانی معاشرے کی تعمیر جدید اور تشکیل نو کو کافی حد تک موضوع بحث بنایا جاتا رہا ہے۔ اسلامی احکام جو نئے مسائل کے متعلق راہ نمائی فراہم کرتے ہیں، ان کے پیچھے بھی یہی فلسفہ ہوتا ہے کہ مسلمانوں اور مسلمان معاشروں کے پیش آمدہ مسائل کا حل معاصر صورت حال کو دیکھتے ہوئے پیش کیا جائے۔ شرعی احکام، معاصر حقائق کے ساتھ اس طرح تعامل کریں کہ روایتی فقہ اور جدید مسلمان معاشروں کی ضروریات کے درمیان فرق کو کم کیا جا سکے۔ لہٰذا پاکستانی معاشرے کی تشکیل جدید بھی ناگزیر ہے اور اس کے لیے بھی اسلامی روایات اور شعائر کو بنیاد بنا کر تشکیل جدید کی طرف قدم بڑھانے ہوں گے۔ یعنی ماضی سے حال اور پھر مستقبل کا سفر اس طرح کیا جائے کہ اسلامی روایات اور اصولوں کو بنیاد بنا کر نئے پیش آنے والے مسائل کا حل نئے حالات کی روشنی میں تلاش کیا جائے اور پھر مستقبل کا لائحہ عمل طے کیا جائے۔ پاکستانی معاشرے میں امن قائم کرنے کے لیے حسب ذیل امور پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے:

۱۔ مذہبی ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کا فروغ

اسلام نہ صرف مذہبی رواداری اور ہم آہنگی پر زور دیتا ہے بلکہ تنوع و تفاوت کو تسلیم بھی کرتا ہے۔ تنوع کی طرح اختلاف اور تفاوت ایک قدرتی عمل ہے اور اسی طرح مذاہب کی ترقی اور ارتقا میں اس کا اہم کردار ہے۔

ایک سے زیادہ مذاہب و روایات کا وجود انسانی معاشرے کے لیے مذہب کی اہمیت کو مزید بڑھاتا ہے۔

پاکستانی معاشرے میں بڑھتی ہوئی فرقہ واریت کو روکنے کے لیے مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کی اشد ضرورت

---

48. Darius Shayegan, *Cultural Schizophrenia: Islamic Societies Confronting the West*, Trans. John Howe (London: Saqi Books, 1992); Malise Ruthven, *A Fury for God: The Islamist Attack on America* (London: Granta Books, 2002), 130-260; Louay M. Safi, *The Challenge of Modernity: The Quest for Authenticity in the Arab World* (Lanham, MD: University Press of America, 1994) 153-193.

ہے۔ اس مقصد کے لیے علما اور دیگر ذمہ داران کے لیے تربیتی پروگراموں کا اہتمام کرنا چاہیے۔ مساجد و مدارس کو سرکاری سرپرستی میں لینا چاہیے۔ دیگر یہ کہ اس ضمن میں سکول، کالج اور یونی ورسٹی کے اساتذہ کا کردار بہت اہم ہے۔

۲. بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کا فروغ

پاکستان میں مسلمان اکثریت تو رکھتے ہیں لیکن غیر مسلموں کی موجودگی سے انکار بھی نہیں کیا جا سکتا۔ غیر مسلم اقلیتیں جو ریاست پاکستان کا حصّہ ہیں اور آئین پاکستان ان کو تمام تر حقوق کا تحفظ فراہم کرتا ہے۔ معاشرتی و سماجی سطح پر بھی قبولیت اور عزت و تکریم کی حق دار ہیں۔ مکالمے یا ڈائیلاگ کے ذریعے ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش سے بہت سے مسائل کا مثبت حل تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ مختلف مذاہب اور ثقافت کے لوگوں کو مکالمے کے ذریعے بہتر انداز میں سمجھا جا سکتا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ مکالمے کا مقصد دوسرے کو قائل یا مرعوب کرنا نہ ہو۔ اگرچہ کسی کے خیالات و نظریات سے اتفاق نتیجتاً حاصل ہو بھی جائے۔ پاکستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کا فروغ نفرتوں اور دوریوں کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اسلامی روایات بھی دیگر مذاہب کے ساتھ مکالمے اور بات چیت پر زور دیتی ہیں۔[۴۹]

پاکستان کی آزادی، سالمیت اور ترقی میں مذہبی اقلیتوں کا کردار بھی روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ پاکستان کے تمام اداروں میں ان کی خدمات موجود ہیں جو ان کی حب الوطنی کی عکاس ہیں۔ انھی غیر مسلم اقلیتوں کی موجودگی پاکستان کو ایک خوب صورت ملک بناتی ہے۔ مذہب مختلف ہونے کے باوجود ایک قومیت تمام پاکستانیوں کو ایک بناتی ہے۔ پاکستان کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ قیام پاکستان سے پہلے اور بعد میں بھی غیر مسلم اقلیتوں نے پاکستان کا مکمل ساتھ دیا۔ پاکستان نے بھی ان کو آزادی اور برابر حقوق عطا کیے۔ اسلام کے نام پر بننے والے اسلامی جمہوریہ پاکستان نے اپنی غیر مسلم اقلیتی عوام کو بھی پاکستان کا حصّہ تسلیم کیا اور تمام حقوق و تحفظات کی فراہمی یقینی بنائی۔ آئین پاکستان سے لے کر دیگر تمام قوانین بھی اقلیتوں کی آزادی، خود

۴۹۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: القرآن، ۳: ۶۴؛ ابو الفداء عماد الدین اسماعیل بن عمر ابن کثیر القریشی الدمشقی، **تفسیر القرآن العظیم** (دار طیبه نشر و توزیع)، ۳: ۱۲۰؛ محمد سید طنطاوی، **التفسیر الوسیط للقرآن الکریم** (قاہرہ: دار نہضة، ۱۹۹۷ء)، ۲: ۱۳۵۔

مختاری اور برابر حقوق کی ضمانت فراہم کرتے ہیں۔

چناں چہ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کی اکثریتی مسلمان آبادی اقلیتوں کے حقوق کا خیال رکھے اور ان کی اہمیت کا نہ صرف ادراک کرے بلکہ آگے بڑھنے میں ان کی حوصلہ افزائی بھی کرے۔ اس ضمن میں لوگوں کو آگاہی فراہم کی جائے۔ علما، اساتذہ، حکومتی عہدے داران اور سیاسی نمائندے اس آگاہی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیں۔ مذہبی اقلیتوں کا احساس محرومی معاشروں کو زوال، فتنہ و فساد اور جنگ و جدل میں مبتلا کر دیتا ہے؛ جب کہ مثبت رویے دشمنی، انتہا پسندی، دہشت گردی اور دیگر منفی طرزِ عمل کو پنپنے سے روکتے ہیں۔

۳. خواتین کی شمولیت

پاکستانی معاشرے میں بدقسمتی سے جنس کو لے کر بھی بے حد مسائل موجود ہیں۔ ایک مخصوص نقطۂ نظر خواتین کی قومی، معاشرتی و معاشی زندگی میں شمولیت کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔ پاکستان کا اپنا ایک خاص ثقافتی پس منظر ہے۔ جس میں اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے ثقافتی و روایتی نظریات اس قدر گہری چھاپ لیے ہوئے ہیں کہ مسلمان ہونے کے باوجود ان سے چھٹکارا حاصل کرنے میں ابھی بھی کافی محنت درکار ہے۔

خواتین کو جو حقوق قوانین کے ذریعے فراہم کیے گئے ہیں، ان کے عملی نفاذ کے لیے حقیقی کوششوں کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں خواتین کا اپنا کردار بہت اہم ہے۔ انھیں اپنے حقوق کے متعلق آگاہی حاصل کرنی چاہیے اور اپنے وجود کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے قومی زندگی میں مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

پاکستان میں دہشت گردی کی حالیہ لہروں نے خواتین کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ خواتین کے سکولوں اور کالجوں کو تباہ کر دیا گیا اور ملازمت کرنے والی خواتین پر بھی حملے کر کے انھیں شہید کیا جاتا رہا ہے۔ خواتین صرف دہشت گردی کا شکار نہیں ہوئیں، بلکہ دہشت گرد بھی بنتی رہی ہیں۔ پاکستان میں قیامِ امن کے لیے خواتین کے کردار کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ چکی ہے۔ قومی، ثقافتی، سماجی، سیاسی، مذہبی، معاشی و معاشرتی سطح پر خواتین کو ان کی آبادی کے لحاظ سے نمائندگی ملنی چاہیے، تاکہ وہ اپنی ذمے داریاں ادا کر سکیں۔ جنس کی بنیاد پر ہونے والے فرق، تشدد اور ناانصافی کا خاتمہ کیا جانا چاہیے۔ اس سلسلے میں سرکاری و غیر سرکاری تنظیموں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

پاکستان میں پائیدار ترقی اور قیامِ امن کے لیے خواتین کو مردوں کے ساتھ مل کر چلنے کی ضرورت ہے۔ ایک خاتون کس طرح امن قائم کرنے والی اور انتہا پسندی کو مٹانے والی بن سکتی ہے؛ وہ کس طرح تنازعات کو حل کروا سکتی ہے؛ وہ کس طرح مذہبی رہ نما بن کر مذہبی تعلیمات کو لوگوں تک پہنچا سکتی ہے۔ یہ اور اس طرح کے دیگر امور

پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ خواتین کے متعلق روایتی و مخصوص نقطۂ نظر تبدیل کرنے کے لیے عملی کوششوں کی ضرورت ہے۔ آگاہی کی اس مہم کا آغاز اپنے گھر سے کیا جانا چاہیے پھر محلہ، شہر، قصبہ، گاؤں الغرض پوری ریاست تک پھیلانا ہو گا۔

۴. قانون کی عمل داری اور انصاف کی فراہمی

کسی بھی معاشرے کی ترقی اور امن کے لیے قانون کا نفاذ اور عمل داری بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ قانون اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خرابی اور غیر ذمے داری ریاست کو کم زور کر دیتی ہے۔ پاکستان میں قانون کا نفاذ انتہائی کم زور ہے، جس کی وجہ سے لوگوں کو انصاف تک رسائی نہیں ہے۔ عدل و انصاف کے نظام کی کم زوری منفی رویوں کو جنم دیتی ہے اور لوگ قانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کرتے ہیں جس کے نتیجے میں امن و امان کی صورت حال خراب ہو جاتی ہے۔ اس کے قیام اور ترقی کے لیے قانون کی پاس داری کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے بھی تعلیم و تربیت کی ضرورت ہے۔

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

List of Sources in Roman Script

- Ahmed, Akbar S. Discovering Islam: Making Sense of Muslim History and Society. New York: Routledge, 2002.
- Ahsan, Aitzaz. The Indus Saga and the Making of Pakistan. Karachi: Oxford University Press, 1996.
- Al-Mujahid, Sharif. Ideological Orientation of Pakistan. Karachi: Nation Board Foundation, 1976.
- Anjum, M.R, Bilal Ahmad Wani. "Concept of Peace in Islam: A Study of Contributions of Moulana Wahid Uddin Khan: Peaceful Co-existence." *International Journal of Scientific and Research Publications*, Vol. 7, No. 6 (2017):383-400.
- An-Na'im, Abdullahi Ahmed. Toward an Islamic Reformation: Civil Liberties, Human Rights and International Law. Syracuse: Syracuse University Press, 1990.
- Bulbeck, Chilla. "Less than overwhelmed by Beijing: Problems Concerning Women's Commonality and Diversity." *The Australian Feminist Law Journal*, Vol. 3, (1996), 30-38.
- Burki, Shahid Javed. Pakistan: A Nation in the Making. Pakistan: West view Press, 1986.
- Christine Fair, C. Militant Recruitment in Pakistan: A New Look at the Militancy-Madrassah Connection. Washington DC: US Institute of Peace Press, 2007.
- Christine Fair, C. The Madrassah Challenge: Militancy and Religious Education in Pakistan. Washington DC: US Institute of Peace Press, 2008.
- Daud, Wan Norhayate Binti Wan. The Concept of Knowledge in Islam and its implications for Education in a Developing Country. Mansell, 1989.
- Employment-Pakistan / Statista Market Forecast at: Socioeconomic Indicators - Pakistan | Market Forecast (statista.com) accessed on 24-10-2023.
- Engineer, Asghar Ali. The Right of Women in Islam. Sterling Publication, 2004.
- Ferrero, Mario. "Radicalization as a Reaction to Failure: An Economic model of Islamic Extremism." *Public Choice*, Vol.122, No. 1-2 (2005):199-220.

- Gereluk, Dianne. Education, Extremism and Terrorism: What Should be taught in Citizenship Education and Why. New York: Continuum International Publishing Group, 2012.
- Hussain, Ishrat. Governing the Ungovernable: Institutional Reforms for Democratic Governance. Karachi: Oxford University Press, 2018.
- Ibn Kathīr, Abū al-Fiḍā' 'Imād ad-Dīn Ismā'īl ibn 'Umar ibn Kathīr al-Qurashī al-Damishqī. Tafsīr al-Qurʾān al-ʿAẓīm. Egypt: Dār al-Tayyabah Nashr wa Tawzeh.
- Kalin, Ibrahim. "Islam and Peace: A Survey of the Sources of Peace in the Islamic Tradition." *Islamic Studies*," Vol. 44, No. 3 (2005):327-362.
- Lieven, Anatol. Pakistan a Hard Country .New York: Public Affairs, 2011.
- Lieven, Anatol. Pakistan: A Hard Country. New York: Public Affairs, 2011.
- Midlarsky, Manus I. Origins of Political Extremism: Mass Violence in the Twentieth Century and Beyond .Cambridge: University Press, 2011.
- Moussalli, Ahmad S. Radical Islamic Fundamentalism: The Ideological and Political Discourse of Sayyid Qutb. Beirut: American University of Beirut, 1992.
- Nasr, Vali. "International Politics Domestic Imperatives and Identity Mobilization: Sectarianism in Pakistan, 1979-1998." *Comparative Politics*, Vol. 32, Issue No. 2 (Jan, 2000):171-190.
- Nasr, Vali. "Military Rule, Islamism and Democracy in Pakistan." *The Middle East Journal*, Vol. 58, No. 2(spring, 2004):195-209.
- National Commission on Terrorist Attacks Upon the United States at https://911commission.gov/report/911Report_Exec.htm
- Pirzada, Syed Sharifuddin. Evolution of Pakistan. Lahore: The All Pakistan Legal Decisions, 1962.
- Qutb, Sayyid. Milestones. Indianapolis: American Trust Publication, 1991.
- Randy, Borum. "Radicalization into Violent Extremism: A Review of Social Science Theories." *Journal of Strategic Security*, Vol. 4, Issue 4(2011):7-36.
- Rehman, Fazal Ur. Islam and Modernity: Transformation of an Intellectual Tradition. University of Chicago Press, 1984.

- Ruthven, Malise. A Fury for God: The Islamist Attack on America. London: Granta Books, 2002.
- Safi, Louay M. The Challenge of Modernity: The Quest for Authenticity in the Arab World. Lanham, MD: University Press of America, 1994.
- Schmid, Alex P. "Radicalization, De-Radicalization, Counter-Radicalization: A Conceptual Discussion and Literature Review." *Terrorism and Counter-Terrorism Studies*, Vol.4, 2013 at http://doi.org/10. 19165/ 2013.02
- Schmid, Alex P., ed. The Routledge Handbook of Terrorism Research .New York: Rutledge, Taylor and Francis Group, 2013.
- Shah, Niaz A. "Women's Human Rights in the Koran: An Interpretive Approach." *Human Rights Quarterly*, Vol. 28, no. 4 (2006), 868–903 at http://www.jstor.org/stable/20072771
- Shaikh, Farzana. Making Sense of Pakistan. New York: Columbia University Press, 2009.
- Shayegan, Darius. Cultural Schizophrenia: Islamic Societies Confronting the West. Trans. John Howe. London: Saqi Books, 1992.
- Tschirgi, Necla. "Peace building through Global Peace and Justice." *Development*, Vol.48, (2005):50–56.
- W.Singer, Peter. Pakistan's Madrassahs: Ensuring a System of Education not Jihad. Washington DC: Brookings Institution, 2003.
- Webel, Charles and Johan Galtung. Handbook of Peace and Conflict Studies. New York: Routledge, 2007.
- Wynbrandt, James. A Brief History of Pakistan. New York: Facts on File, 2008.
- Zaqzuq, Mahmoud. On Philosophy, Culture and Peace in Islam. Shorouk International Publishers, 2004.
- Zia-ul-Haq, Muhammad. Advancing Peace Inclusiveness and Co-existence through Narrative Building. Islamabad: Islamic Research Institute, 2022.
- Ziring, Lawrence. Pakistan: The Enigma of Political Development. New York: Routledge, 2019.

❁❁❁❁❁